سوال

(151)نئے فیشن کی حجامت کرانا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آجکل حجامت میں کوئی پیشانی کے بال بنواتا ہے۔ کوئی صرف پیشانی کے رکھواتا ہے۔ کوئی پان بنواتا ہے۔ کوئی صرف قلمیں بنواتا ہے۔ کوئی انگریزی فیشن کو پسند کرتا ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث شریف میں آیا ہے کہ سر کے بال سارے منڈواؤیا سارے رکھو۔ اس لئے صورت مرقومہ میں سر کے بالوں کو کم وبیش کرنا منع ہے۔ البتہ داڑھی کے خط کے برابر کرکے چہرہ اور پیشانی کی صفائی کرنے سے منع کی کوئی روایت مجھے یاد نہیں۔ بہرحال شرعی احکام کی پابندی ضروری ہے۔ اسی طرح حجامت وغیرہ میں بھی

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد2ص123

محدث فتویٰ